کنز المدارس بورڈ کے نصاب میں شامل

# اساس النحو

پیشکش:
المدینۃ العلمیۃ (دعوتِ اسلامی)
Islamic Research Center
R&D Kanzul Madaris Board

کنز المدارس بورڈ کے نصاب میں شامل

## عصرِ حاضر کے تقاضوں کے پیشِ نظر جدید انداز اور نحو کے بنیادی قواعد پر مشتمل آسان کتاب

(اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز، مدارس اور جامعات کے لئے یکساں مفید)

بنام

مؤلف: ابو عُکاشہ محمد اختر سعیدی عطاری مدنی



پیش کش

المدينة العلمية

Islamic Research Center

(دعوتِ اسلامی)

و

شعبہ آر اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ

کنز المدارس بورڈ

نام کتاب: اساس النحو
مؤلف: مولانا ابو عکاشہ محمد اختر سعیدی عطاری مدنی
کل صفحات: 100
پہلی بار: ربیع الاول ۱۴۴۴ھ، اکتوبر 2022ء تعداد 5000 (پانچ ہزار)
پیش کش: المدینۃ العلمیۃ Islamic Research Center



# مکتبۃ المدینہ
# MAKTABA TUL MADINAH

دینی کتابوں کی اشاعت کا بین الاقوامی ادارہ

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، کراچی

Faizan-E-Madina,Mohalla Sodagaran,Old Sabzi Mandi,Karachi

UAN : +922111111252692 , , :92-313-1139278

www.dawateislami.net www.maktabatulmadina.com

ilmia@dawateislami.net feedback@maktabatulmadina.com

## پاکستان کے چند مکتبۃ المدینہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسلام آباد: شبیر شریف روڈ G-11 مرکز اسلام آباد | 051-5553765 | لاہور: داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ | 04237311679 |
| ملتان: نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ | 0614511192 | فیصل آباد: امین پور بازار | 0412632625 |
| پشاور: مکتبۃ المدینہ پشاور ایئر پورٹ | 0092 311 9677780 | حیدر آباد: فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن | 0222620122 |
| سکھر: مکتبۃ المدینہ، فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ سکھر | 0092 312 2611826 | میر پور آزاد کشمیر: چوک شہیداں | 05827437212 |

## دنیا بھر کے چند مکتبۃ المدینہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| سعودی عرب: 00971-525641947 | متحدہ عرب امارات: 00971-45146911 | انگلینڈ: 0044 7872 119618 | جرمنی: 0049 1521 6972748 |
| ملائیشیا: 0060 16-934 1591 | آسٹریلیا: 0061 430 539 226 | اٹلی: 0039-3392358897 | امریکہ: 001 (847) 800-3865 |
| جاپان: 0081-8097526831 | ترکی: 0090-5318980786 | بھارت: 0091 93703 84948 | ساؤتھ افریقہ: 0027 79 271 9161 |
| ساؤتھ کوریا: 0082 105517-2612 | بنگلہ دیش: 00880 1934-457874 | کویت: 00965-99972721 | |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## ''اَساسُ النحو'' کی خُصوصیات وفوائد

☆''اَساسُ النحو'' عصرِ حاضر کے تقاضوں کے پیشِ نظر جدید انداز میں لکھی گئی علمِ نحو کی ابتدائی کتاب ہے، جو نہ صرف مدارس وجامعات بلکہ اسکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کے طلبہ وطالبات کے لئے بھی یکساں مفید ہے۔

☆اس کتاب کے اُسلوب وترتیب کے لئے علمِ نحو کے موضوع پر متعدد کتب کے اُسلوب کو مَدِّ نظر رکھا گیا ہے، خُصوصاً تمارین کے سُوالات ترتیب دینے اور مثالوں کے اِندراج میں جامعات اور مختلف یونیورسٹیز کی مُروجہ عربی گرائمر اور عربی تکلم کی متعدد کتب سے بھی اِستِفادہ کیا گیا ہے۔

☆اس میں ابتدائی دَرجات کے طلبہ وطالبات کی ذہنی سطح کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ''نحو'' کے اہم اور ضروری اَسباق وقواعد کو عام فہم اُسلوب میں تمارین کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

☆اُسلوب اور انداز کو ماہرینِ فن سے چیک کروایا گیا ہے۔

☆اس کتاب کے ہر سبق کی تمرین میں ایسے سُوالات ترتیب دیئے گئے ہیں جن کی مشق کرنے سے طلبہ وطالِبات کے اندر ''نحو'' کے بنیادی مسائل سمجھنے کے ساتھ ساتھ عربی عبارات کے ابتدائی جملے لکھنے اور بولنے کی صلاحیت پیدا ہوگی۔

☆روز مرہ استعمال ہونے والے جملوں کی مشقیں دی گئی ہیں تاکہ طلبہ وطالِبات میں عربی زبان میں روزہ مرہ استعمال ہونے والے جملے بنانے کی صلاحیت پیدا ہو۔

☆عربی سے اُردو اور اُردو سے عربی جملوں پر مشتمل مشقیں دی گئی ہیں تاکہ طلبہ وطالبات میں اُردو سے عربی اور عربی سے اُردو جملے بنانے کی صلاحیت پیدا ہو۔

☆بعض اہم چیزوں کو ضرورتاً حاشیہ میں بیان کیا گیا ہے۔

## پہلا سبق:

### علم نحو کی تعریف:

علمِ نحو ایسے اُصول وضوابط کا علم ہے جن کے ذریعے عربی کلمات کے آخری حرف کا اِعراب اوران کو آپس میں ملانے کا طریقہ معلوم ہو۔

### موضوع:

علمِ نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے۔

### غرض:

عربی زبان پڑھنے، لکھنے اور بولنے میں اِعرابی غلطی سے بچنا۔

### فائدہ:

عربی زبان کو صحیح سمجھنے کی صلاحیت پیدا ہونا۔

**سوال نمبر 1:** علمِ نحو کسے کہتے ہیں۔

**سوال نمبر 2:** علمِ نحو کا موضوع، غرض اور فائدہ بیان کریں۔

**سوال نمبر 3:** درست جواب کا انتخاب کریں۔

❖ علمِ نحو کا موضوع۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔ (کلمہ، کلام، کلمہ اور کلام)

## دوسرا سبق:

# لفظ اور اس کی اَقسام کا بیان

### لفظ کی تعریف:

انسان جو بات بولتا ہے، اُسے "لفظ" کہتے ہیں۔

**لفظ کی اقسام:** 1۔ موضوع 2۔ مہمل

### موضوع:

وہ لفظ جس کا کوئی معنٰی ہو۔ جیسے زَیْدٌ (شخص کا نام)

### مہمل:

وہ لفظ جس کا کوئی معنٰی نہ ہو[1]۔ جیسے دَیْزٌ

**موضوع لفظ کی اقسام:** 1۔ مفرد 2۔ مرکب

### مفرد:

وہ اکیلا لفظ جس کا کوئی معنٰی ہو۔ جیسے: کِتَابٌ (کتاب)

**فائدہ:** مفرد کو "کلمہ" بھی کہتے ہیں۔

### مرکب:

جو دو یا دو سے زیادہ بامعنٰی الفاظ کا مجموعہ ہو۔ جیسے رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ (تمام جہانوں کا رب)
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ (محمد صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم اللہ کے رسول ہیں)

(1)......اردو میں جیسے چائے کے ساتھ وائے، پانی کے ساتھ وانی اور روٹی کے ساتھ ووٹی بولا جاتا ہے۔ ان میں وائے، وانی اور ووٹی مہمل وبے معنٰی الفاظ ہیں۔

## تمرین

سوال نمبر 1: نمونے کے مطابق درج ذیل الفاظ میں سے مفرد اور مرکب الگ الگ کریں۔

| الفاظ | مفرد | مرکب |
| --- | --- | --- |
| اَللّٰہُ اَحَدٌ (اللہ ایک ہے) | | اَللّٰہُ اَحَدٌ |
| جَبَلٌ (پہاڑ) | جَبَلٌ | |
| صَلَاۃُ الْفَجْرِ (فجر کی نماز) | | |
| ثَمَرٌ (پھل) | | |
| مَطَرٌ (بارش) | | |
| رَجُلٌ صَالِحٌ (نیک آدمی) | | |
| مَاءٌ (پانی) | | |
| جَنَّۃٌ (جنت) | | |
| اَلْعِلْمُ نُوْرٌ (علم نور ہے) | | |
| شَيْءٌ (چیز) | | |
| قَلَمٌ جَمِيْلٌ (خوبصورت قلم) | | |
| ذَهَبَ حَامِدٌ (حامد گیا) | | |
| بَيْتٌ كَبِيْرٌ (بڑا گھر) | | |
| غُرْفَۃُ النَّوْمِ (سونے کا کمرہ) | | |
| رِجْلٌ (پاؤں) | | |

سوال نمبر 2: نمونے کے مطابق درج ذیل مرکبات میں سے کلمات الگ الگ کریں۔

| مرکبات | کلمات | | |
|---|---|---|---|
| کَنْزُالْاِیْمَانِ (ایمان کا خزانہ) | کَنْزٌ | اَلْاِیْمَانُ | |
| کِتَابُ زَیْدٍ (زید کی کتاب) | | | |
| ھُوَمُدَرِّسٌ (وہ استاد ہے) | | | |
| اَلْمَسْجِدُ الْکَبِیْرُ (بڑی مسجد) | | | |
| قَرَأَ سَعِیْدٌ کِتَابًا (سعید نے کتاب پڑھی) | | | |
| ھٰذِہٖ شَجَرَۃٌ (یہ درخت ہے) | | | |
| جَرَسُ الْمَدْرَسَۃِ (مدرسے کی گھنٹی) | | | |
| اَلثَّوْبُ الْأَبْیَضُ (سفید کپڑا) | | | |
| اَلْمِلْحُ الْأَسْوَدُ (کالا نمک) | | | |
| لَوْنُ الْقَمِیْصِ (قمیص کا رنگ) | | | |
| دَخَلَ عَلِیٌّ (علی داخل ہوا) | | | |
| فَلَّاحٌ نَاجِحٌ (کامیاب کسان) | | | |
| خَالِدٌ اُسْتَاذٌ (خالد استاد ہے) | | | |
| تِلْمِیْذٌ مُجْتَھِدٌ (محنتی طالبِ علم) | | | |
| مِفْتَاحُ الْبَیْتِ (گھر کی چابی) | | | |
| ھٰذَا مَطْبَخٌ (یہ کچن ہے) | | | |

## تیسرا سبق:

### کلمہ کی اقسام کا بیان

**کلمہ کی اقسام:** 1۔اسم  2۔ فعل  3۔ حرف

**اسم کی تعریف:**

اسم وہ کلمہ ہے جس کا معنیٰ اس لفظ سے ہی سمجھ آجائے، کسی اور لفظ کے ملانے کی ضرورت نہ ہو اور اس میں کوئی زمانہ، نہ پایا جائے۔ جیسے: زَیْدٌ (شخص کا نام)، بَیْتٌ (گھر)، شَجَرٌ (درخت)

**فعل کی تعریف:**

فعل وہ کلمہ ہے جس کا معنیٰ اس لفظ سے ہی سمجھ آجائے، کسی اور لفظ کے ملانے کی ضرورت نہ ہو اور اس میں کوئی زمانہ [1] بھی پایا جائے۔ جیسے: کَتَبَ (اس نے لکھا)، یَکْتُبُ (وہ لکھتا ہے/لکھے گا)، جَلَسَ (وہ بیٹھا)، یَجْلِسُ (وہ بیٹھتا ہے/بیٹھے گا)

**حرف کی تعریف:**

حرف وہ کلمہ ہے جس کا معنیٰ کسی دوسرے کلمہ سے مل کر ہی سمجھ آئے۔ جیسے: مِنْ (سے)، إِلیٰ (تک)

---

(1)......زمانہ وقت کو کہتے ہیں۔ اس کی تین قسمیں ہیں: (1) ماضی: گزرا ہوا زمانہ (2) حال: موجودہ زمانہ (3) مستقبل: آنے والا زمانہ۔

## تمرین

سوال: نمونے کے مطابق درج ذیل کلمات میں سے اسم، فعل اور حرف الگ الگ کریں۔

| کلمات | اسم | فعل | حرف |
|---|---|---|---|
| دَجَاجَةٌ (مرغی) | اسم | | |
| فِيْ (میں) | | | حرف |
| نَظَرَ (اس نے دیکھا) | | فعل | |
| خُبْزٌ (روٹی) | | | |
| يَشْرَبُ (وہ پیتا ہے یا پئے گا) | | | |
| عَلٰی (پر) | | | |
| أَكَلَ (اس نے کھایا) | | | |
| دَرَّاجَةٌ (سائیکل) | | | |
| عَلِمَ (اس نے جانا) | | | |
| عَنْ (سے) | | | |
| سَقَطَ (وہ گرا) | | | |
| لَيْلٌ (رات) | | | |
| يَغْسِلُ (وہ دھوتا ہے یا دھوئے گا) | | | |
| سُوْقٌ (بازار) | | | |
| صَفٌّ (کلاس) | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَرِيْكَةٌ (صوفہ) | | | |
| بَلَدٌ (شہر) | | | |
| اُحْضُرْ (تُو حاضر ہو) | | | |
| حَارِسٌ (چوکیدار) | | | |
| يَكْسُرُ (وہ توڑتا ہے/توڑے گا) | | | |
| حَدِيْقَةٌ (باغیچہ) | | | |
| اِفْتَحْ (تُو کھول) | | | |
| كُرَّاسَاتٌ (کاپیاں) | | | |
| حَقِيْبَةٌ (بیگ) | | | |
| بَحْرٌ (دریا) | | | |
| صَدَقَ (اس نے سچ بولا) | | | |
| زَهْرَتَانِ (دو پھول) | | | |
| هَاتِفٌ (ٹیلی فون) | | | |
| مِنْ (سے) | | | |
| يَقْتُلُ (وہ قتل کرتا ہے/قتل کرے گا) | | | |
| اَنْهَارٌ (نہریں) | | | |
| لَعِبَ (وہ کھیلا) | | | |
| مُهَنْدِسٌ (انجینئر) | | | |

## چوتھا سبق:

## اسم، فعل اور حرف کی علامات کا بیان

**اسم کی علامات:** (اسم کی چند مشہور علامات درج ذیل ہیں:)

1. شروع میں الف لام "اَلْ" کا ہونا۔ جیسے: اَلرَّجُلُ (آدمی)
2. شروع میں حرفِ جر[1] کا ہونا۔ جیسے: فِیْ الْمَدْرَسَةِ (مدرسے میں)
3. آخر میں تنوین کا ہونا۔ جیسے: جَمِیْلٌ (خوبصورت)
4. آخر میں گول تاء (ۃ) کا ہونا۔ جیسے: صَالِحَةٌ (نیک عورت)

**فعل کی علامات:** (فعل کی چند مشہور علامات درج ذیل ہیں:)

1. شروع میں حرفِ "قَدْ" کا ہونا۔ جیسے: قَدْ سَمِعَ (تحقیق اس نے سنا)
2. شروع میں حرفِ "س" کا ہونا۔ جیسے: سَیَقْرَأُ (عنقریب وہ پڑھے گا)
3. شروع میں "سَوْفَ" کا ہونا۔ جیسے: سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ (عنقریب تم جان لوگے)
4. فعلِ ماضی ہونا۔ جیسے: ذَهَبَ (وہ گیا)
5. فعلِ مضارع ہونا۔ جیسے: یَذْهَبُ (وہ جاتا ہے / جائے گا)
6. فعلِ امر ہونا۔ جیسے: اِذْهَبْ (تُو جا)
7. فعلِ نہی ہونا۔ جیسے: لَا تَذْهَبْ (تُو نہ جا)

**حرف کی علامات:**

اسم اور فعل کی علامات کا نہ ہونا، حرف کی علامت ہے۔

---

(1)...... حروف جارّہ: جو اسم پر داخل ہو کر اسے جر دیتے ہیں اور یہ سترہ ہیں:

بَاء و تَاء و کَاف و لَام و وَاوْ و مُنْذُ مُذْ خَلَا
رُبَّ حَاشَا مِنْ عَدَا فِیْ عَنْ عَلٰی حَتّٰی اِلٰی

## تمرین

سوال: نمونے کے مطابق درج ذیل کلمات میں سے اسم، فعل اور حرف کی پہچان کے ساتھ ساتھ علامت بھی بیان کریں۔

| کلمہ | کلمہ کی قسم (اسم / فعل / حرف) | علامت |
|---|---|---|
| اَلشَّمْسُ (سورج) | اسم | شروع میں الف لام |
| فَهِمَ (اس نے سمجھا) | فعل | فعلِ ماضی |
| بَقَرَةٌ (گائے) | | |
| مِنْ بَيْتٍ (گھر سے) | | |
| فَتَحَ (اس نے کھولا) | | |
| بِ (ساتھ) | | |
| سَرَقَ (اس نے چوری کی) | | |
| قِرْدٌ (بندر) | | |
| اُنْصُرْ (تُو مدد کر) | | |
| بِالْقَلَمِ (قلم کے ساتھ) | | |
| جِدَارٌ (دیوار) | | |
| اَلْوَلَدُ (لڑکا) | | |
| قَدِمَ (وہ آیا) | | |
| اَلشَّارِعُ (سڑک) | | |

| | | |
|---|---|---|
| تَقْرَأُ (وہ پڑھتی ہے / پڑھے گی) | | |
| مُعَلِّمَةٌ (معلمہ / ٹیچر) | | |
| يَخْرُجُ (وہ نکلتا ہے / نکلے گا) | | |
| مَرِيْضٌ (بیمار) | | |
| اَلْمُسْتَشْفٰى (ہسپتال) | | |
| اَلْمَلِكُ (بادشاہ) | | |
| اِلٰى (تک) | | |
| جَمَعَتْ (اس عورت نے جمع کیا) | | |
| اِعْمَلْ (تُو عمل کر) | | |
| عَلَى اللَّوْحِ (بورڈ پر) | | |
| فِيْ (میں) | | |
| فِيْ مَلْعَبٍ (کھیل کے میدان میں) | | |
| عَلٰى (پر) | | |
| اُعْبُدُوْا (تم عبادت کرو) | | |
| مِنَ السَّمَاءِ (آسمان سے) | | |
| لِلْقَادِمِيْنَ (آنے والوں کے لئے) | | |

## پانچواں سبق:

## معرفہ و نکرہ کا بیان

فائدہ: اسم کی تقسیم کے کئی اعتبارات ہیں۔

معنیٰ کے عام و خاص کے اعتبار سے اسم کی اقسام:

1۔ نکرہ　　　　2۔ معرفہ

نکرہ کی تعریف:

جس اسم سے کوئی خاص چیز نہ سمجھی جائے۔ جیسے: طِفْلٌ (بچہ)

فائدہ:

عربی زبان میں استعمال ہونے والا ہر اسم نکرہ شمار ہو گا جب تک اس کا معرفہ ہونا ثابت نہ ہو جائے۔

معرفہ کی تعریف:

جس اسم سے کوئی خاص چیز سمجھی جائے۔ جیسے: بَکْرٌ (شخص کا نام)

معرفہ کی اقسام: معرفہ کی سات قسمیں ہیں:

1. اسمِ ضمیر: وہ اسم جو متکلم، مخاطب یا غائب پر دلالت کرے۔ جیسے: اَنَا (میں)، اَنْتَ (تُو)، هُوَ (وہ)

2. اسمِ علَم: وہ اسم جو کسی خاص شخص، جگہ یا چیز کا نام ہو۔ جیسے: خَالِدٌ (شخص کا نام)، بَغْدَاد (شہر کا نام)، ذُوْالْفِقَار (تلوار کا نام)

3. اسمِ اِشارہ: وہ اسم جس سے کسی کی طرف اشارہ کیا جائے۔ جیسے: هٰذَا (یہ)، ذٰلِكَ (وہ)

4. **اسمِ موصول:** وہ اسم جو بعد والے جملے سے مل کر جملے کا جز بنے۔ جیسے: اَلَّذِیْ (وہ جو کہ) اَلَّتِیْ (وہ جو کہ)

5. **مُعرَّف باللَّام:** جس کے شروع میں الف لام ہو۔ جیسے اَلْکِتَابُ

6. **مُعرَّف بالْاِضافۃ:** وہ اسمِ نکرہ جو معرفہ کی طرف مضاف ہو۔ جیسے: قَلَمُ زَیْدٍ (زید کا قلم)

7. **مُعرَّف بِالنِّداء:** جس کے شروع میں حرفِ نداء[1] ہو۔ جیسے: یَا رَجُلُ

**فائدہ:**

1. "اَلْ" عربی میں حرفِ تعریف یعنی معرفہ بنانے والا حرف ہے۔[2]

2. "اَلْ" جب کسی اسمِ نکرہ پر داخل ہوتا ہے تو اُسے معرفہ بنا دیتا ہے اس وقت اسمِ نکرہ کو "معرف باللام" کہتے ہیں۔ جیسے: کِتَابٌ سے اَلْکِتَابُ

3. جب تنوین والے لفظ پر "اَلْ" داخل ہوتا ہے تو تنوین گر جاتی ہے۔ جیسے: عَمَلٌ سے اَلْعَمَلُ

(1)...... حُروفِ ندا پانچ ہیں: یَا، اَیَا، ھَیَا، اَیْ، أَ

(2)...... جیسے انگلش میں "The" ہوتا ہے۔

## تمرین

**سوال نمبر 1:** نمونے کے مطابق درج ذیل اسماء میں سے نکرہ اور معرفہ کی پہچان کے ساتھ ساتھ معرفہ کی قِسم بھی بیان کریں۔

| اسماء | نکرہ | معرفہ | معرفہ کی قسم |
|---|---|---|---|
| اَلْعِنَبُ (انگور) | | اَلْعِنَبُ | مُعَرَّف بِاللام |
| ثَوْبٌ (کپڑا) | ثَوْبٌ | | |
| حَامِدٌ (شخص کا نام) | | | |
| اَلَّذِیْ (وہ جو کہ) | | | |
| عَمُّ زَیْدٍ (زید کا چچا) | | | |
| خَیْطٌ (دھاگا) | | | |
| اَنَا (میں) | | | |
| یَازَیْدُ (اے زید) | | | |
| لَوْنُ الثَّوْبِ (کپڑے کا رنگ) | | | |
| هٰذَا (یہ) | | | |
| اَلْقَمِیْصُ (قمیص) | | | |
| بَکْرٌ (شخص کا نام) | | | |
| هُوَ (وہ) | | | |
| اُسْرَةٌ (خاندان) | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَمْرٌو (شخص کا نام) | | | |
| مُدِيْرٌ (پرنسپل / ناظم) | | | |
| عِبَادُ الرَّحْمٰنِ (رحمٰن کے بندے) | | | |
| اَلدِّيْكُ (مرغا) | | | |
| رَأْسُ زَيْدٍ (زید کا سر) | | | |
| عِمَادُ الدِّيْنِ (دین کا ستون) | | | |
| اَنْتَ (تُو) | | | |
| مَالٌ (مال) | | | |
| اَلزُّجَاجُ (شیشہ) | | | |
| فَحْمٌ (کوئلہ) | | | |
| ذٰلِكَ (وہ) | | | |
| لَحْمٌ (گوشت) | | | |
| ثَمَرُ حَدِيْقَةٍ (باغ کا پھل) | | | |
| اَلرِّفْقُ (نرمی) | | | |
| كِتَابُ الْحَدِيْثِ (حدیث کی کتاب) | | | |
| اَلْهِلَالُ (چاند) | | | |
| هِنْدَةٌ (عورت کا نام) | | | |

سوال نمبر2: نمونے کے مطابق درج ذیل اسماء میں سے معرفہ کو نکرہ اورنکرہ کو معرفہ بنائیں۔

| اسماء | نکرہ | مُعَرَّف بِاللام |
|---|---|---|
| اَلسَّمَكُ (مچھلی) | سَمَكٌ | |
| قَلِيْلٌ (تھوڑا) | | اَلْقَلِيْلُ |
| سَلَطَةٌ (سلاد) | | |
| تَمْرٌ (کھجور) | | |
| اَلْحَلِيْبُ (دودھ) | | |
| مُسَافِرٌ (مسافر) | | |
| اَلشَّهْرُ (مہینہ) | | |
| حِصَانٌ (گھوڑا) | | |
| اَلسِّكِّيْنُ (چھری) | | |
| قُفْلٌ (تالا) | | |
| اَلسَّرِيْعُ (تیز رفتار) | | |
| قَمَرٌ (چاند) | | |
| مَوْزٌ (کیلا) | | |
| اَلشُّجَاعُ (بہادر) | | |
| غُصْنٌ (ٹہنی) | | |
| لِصٌّ (چور) | | |

چھٹا سبق:

## مذکر ومؤنث کا بیان

**جنس کے اعتبار سے اسم کی اقسام:** 1۔مذکر 2۔مؤنث

**مذکر کی تعریف:**

وہ اسم جس میں تانیث کی علامت نہ پائی جائے۔ جیسے: فَرَسٌ (گھوڑا)

**فائدہ:** عربی زبان میں ہر اسم مذکر استعمال ہوتا ہے جب تک اس کا مؤنث ہونا ثابت نہ ہو جائے۔

**مؤنث کی تعریف:**

وہ اسم جس میں تانیث کی علامت پائی جائے۔ جیسے: نَاقَةٌ (اونٹنی)

**تانیث کی علامات:**

1۔ گول تاء (ۃ)۔ جیسے: عَائِشَةُ 2۔ الف مقصورہ[1]۔ جیسے: بُشْرٰی (خوشخبری)

3۔ الف ممدودہ۔ جیسے: سَوْدَاءُ (کالی عورت)

**فائدہ:** بعض اسماء میں مؤنث کی علامت لفظوں میں موجود نہیں ہوتی، مگر اہلِ عرب انہیں بطورِ مؤنث استعمال کرتے ہیں، انہیں مؤنثِ سماعی یا مؤنثِ معنوی کہتے ہیں۔ جیسے: أَرْضٌ (زمین)، یَدٌ (ہاتھ)، خَمْرٌ (شراب)، اُمٌّ (ماں)، مَرْیَمُ (عورت کا نام)، جَحِیْمٌ (جہنم)، رِیْحٌ (ہوا) وغیرہ

## اسم کی اقسام

(1)......اسم کے آخر میں جس الف کے بعد ہمزہ نہ ہو اُسے الف مقصورہ اور جس الف کے بعد ہمزہ ہو اسے الف ممدودہ کہتے ہیں۔

## تمرین

سوال نمبر 1: نمونے کے مطابق درج ذیل اسماء کی مذکر و مؤنث ہونے کے اعتبار سے پہچان کریں اور مؤنث ہونے کی صورت میں اس کی علامت بھی بیان کریں۔

| مؤنث کی علامت | مؤنث | مذکر | اسم |
|---|---|---|---|
| الف مقصورہ | مؤنث | | صُغْرٰی (عورت کا نام) |
| | | مذکر | قُرْآنٌ (قرآن) |
| | | | سِجْنٌ (جیل / قید خانہ) |
| | | | شَاةٌ (بکری) |
| | | | فِيْلٌ (ہاتھی) |
| | | | صَحْرَاءُ (میدان) |
| | | | فَهْدٌ (چیتا) |
| | | | سَلْمٰی (عورت کا نام) |
| | | | لُغَةٌ (زبان) |
| | | | صَفْرَاءُ (پیلا) |
| | | | اِمْرَأَةٌ (عورت) |
| | | | حِمَارٌ (گدھا) |
| | | | عَمْيَاءُ (اندھی) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| حُجْرَۃٌ (کمرہ) | | | |
| ظَبْیٌ (ہرن) | | | |
| نَائِمَۃٌ (سونے والی عورت) | | | |
| زَہْرَۃٌ (پھول) | | | |
| خَضْرَاءُ (سبز) | | | |
| زَوْجٌ (شوہر) | | | |
| نَمْلَۃٌ (چیونٹی) | | | |
| ثَوْرٌ (بیل) | | | |
| لُبْنٰی (عورت کا نام) | | | |
| سَیَّارَۃٌ(گاڑی) | | | |
| صَدِیْقٌ (دوست) | | | |
| بَیْضَاءُ (سفید) | | | |
| صَدَقَۃٌ (صدقہ) | | | |
| مَرَضٌ (بیماری) | | | |
| عُصْفُوْرَۃٌ (چڑیا) | | | |
| لَیْلٰی (عورت کا نام) | | | |
| اَسَدٌ (شیر) | | | |

سوال نمبر2: نمونے کے مطابق درج ذیل مذکر اسماء کو مؤنث اور مؤنث اسماء کو مذکر بنائیں۔

| اسم | مذکر | مؤنث |
|---|---|---|
| ضَارِبٌ (مارنے والا) | | ضارِبَةٌ |
| مَرِيْضَةٌ (بیمار عورت) | مَرِيْضٌ | |
| جَدٌّ (دادا) | | |
| عَمَّةٌ (پھوپھی) | | |
| اِبْنٌ (بیٹا) | | |
| مُعَلِّمٌ (استاد) | | |
| وَلَدَةٌ (لڑکی) | | |
| طَبِيْبٌ (ڈاکٹر) | | |
| طَاوِلَةٌ (ٹیبل) | | |
| طِفْلٌ (بچہ) | | |
| لَيْلٌ (رات) | | |
| مُجْتَهِدٌ (محنتی) | | |
| تُفَّاحَةٌ (سیب) | | |
| جَمِيْلٌ (خوب صورت) | | |
| خَادِمٌ (خادم) | | |
| تِلْمِيْذَةٌ (شاگردہ/طالبہ) | | |

## ساتواں سبق:

## واحد، تثنیہ اور جمع کا بیان

### تعداد کے اعتبار سے اسم کی اقسام:

1۔ واحد　　2۔ تثنیہ　　3۔ جمع

### واحد کی تعریف:

وہ اسم جو ایک فرد پر بولا جائے۔ جیسے: رَجُلٌ (ایک مرد)، اِمْرَأَةٌ (ایک عورت)

### تثنیہ کی تعریف:

وہ اسم جو دو اَفراد پر بولا جائے اور یہ واحد لفظ کے آخر میں الف یا یاء ما قبل مفتوح اور نونِ مکسور لگانے سے بنتا ہے۔ جیسے: رَجُلَانِ، رَجُلَيْنِ (دو مرد) اِمْرَأَتَانِ، اِمْرَأَتَيْنِ (دو عورتیں)

### جمع کی تعریف:

وہ اسم جو دو سے زیادہ اَفراد پر بولا جائے۔ جیسے: رِجَالٌ (کئی مرد)

### جمع کی اقسام: (واحد کا وزن سلامت رہنے یا نہ رہنے کے اعتبار سے)

1۔ جمع مکسَّر　　2۔ جمع سالم

### جمع مُکسَّر:

وہ جمع جسے بناتے وقت واحد کی صورت سلامت نہ رہے۔[1] جیسے: رَجُلٌ سے رِجَالٌ

### جمع سالم:

وہ جمع جسے بناتے وقت واحد کی صورت سلامت رہے۔ جیسے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ

---

(1)......جمع مکسر کے بنانے کا کوئی خاص قاعدہ مقرر نہیں، کبھی تو کچھ حروف کم یا زیادہ کر دیئے جاتے ہیں جیسے: کِتَابٌ سے کُتُبٌ، رَجُلٌ سے رِجَالٌ اور کبھی محض حرکات میں تبدیلی ہوتی ہے۔ جیسے: خَشَبٌ (لکڑی) سے خُشُبٌ (لکڑیاں)

## جمع سالم کی اقسام:

1۔ جمع مذکر سالم　　　　2۔ جمع مؤنث سالم

## جمع مذکر سالم:

وہ جمع جس کے واحد کے آخر میں واؤ ما قبل مضموم اور نونِ مفتوح ہو یا یاء ما قبل مکسور اور نونِ مفتوح ہو۔ جیسے: مُسْلِمٌ سے مُسْلِمُوْنَ/مُسْلِمِیْنَ

## جمع مؤنث سالم:

وہ جمع جس کے واحد کے آخر میں الف اور تاء (ات) کا اضافہ ہو۔[1] جیسے: مُسْلِمَةٌ سے مُسْلِمَاتٌ

(1)......جمع بناتے وقت واحد میں سے تانیث کی علامت گول تاء (ۃ) کو حذف کردیں گے۔

## تمرین

سوال نمبر 1: واحد، تثنیہ اور جمع کی پہچان کریں۔

| اسم | واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|---|
| كُرَّاسَةٌ (کاپی) | | | |
| سُوْقٌ (بازار/مارکیٹ) | | | |
| اَقْوَالٌ (باتیں/اقوال) | | | |
| حَدِيْثَانِ (دو حدیثیں) | | | |
| حُجْرَةٌ (کمرہ) | | | |
| صَالِحُوْنَ (نیک لوگ) | | | |
| زَهْرَتَانِ (دو پھول) | | | |
| كَلْبٌ (کتا) | | | |
| قَصْرَانِ (دو محل) | | | |
| اَبْوَابٌ (دروازے) | | | |
| طَبِيْبٌ (ڈاکٹر) | | | |
| سَائِقَانِ (دو ڈرائیور) | | | |
| مَفَاتِيْحُ (چابیاں) | | | |
| ثَلْجٌ (برف) | | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| جَائِزَةٌ (انعام) | | | |
| عُلُوْمٌ (علوم) | | | |
| قِصَّةٌ (کہانی) | | | |
| مَكْتَبٌ (دفتر) | | | |
| اَسْبَابٌ (اسباب / ذرائع) | | | |
| مَالٌ (مال) | | | |
| اَسْبَاقٌ (اسباق) | | | |
| صَبِيَّةٌ (بچی) | | | |
| ثَوْبٌ (کپڑا) | | | |
| اَلْفَاظٌ (الفاظ) | | | |
| نَاظِرُوْنَ (دیکھنے والے مرد) | | | |
| سَيَّارَةٌ (گاڑی) | | | |
| بَيْتٌ (گھر) | | | |
| كُتُبٌ (کتابیں) | | | |
| شَجَرَتَانِ (دو درخت) | | | |
| مَسَاجِدُ (مسجدیں) | | | |
| حَاضِرَانِ (دو حاضر مرد) | | | |
| حَصِيْرٌ (چٹائی) | | | |

سوال نمبر 2: نمونے کے مطابق اسماءِ مفردہ کی تثنیہ اور جمع بنائیں۔

| اسم | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|
| قَلَمٌ (قلم) | قَلَمَانِ | اَقْلَامٌ |
| عَابِدَةٌ (عبادت کرنے والی عورت) | | |
| قَلْبٌ (دل) | | |
| جَالِسٌ (بیٹھنے والا) | | |
| دِرْهَمٌ (درہم) | | |
| شَاكِرَةٌ (شکر کرنے والی عورت) | | |
| صَادِقٌ (سچ بولنے والا) | | |
| سَارِقٌ (چور) | | |
| غَائِبٌ (غیر موجود مرد) | | |
| طَالِبٌ (طالب علم) | | |
| شِعْرٌ (شعر) | | |
| عَارِفٌ (جاننے والا ایک مرد) | | |
| مَسْئَلَةٌ (مسئلہ) | | |
| عَاقِلٌ (عقلمند) | | |
| رَاكِبَةٌ (سوار عورت) | | |
| يَوْمٌ (دن) | | |

سوال نمبر3: نمونے کے مطابق درج ذیل تثنیہ و جمع کے واحد بیان کریں۔

| تثنیہ | واحد | جمع | واحد |
|---|---|---|---|
| عَالِمَتَانِ/عَالِمَتَيْنِ | عَالِمَةٌ | عَامِلُوْنَ | عَامِلٌ |
| كَافِرَانِ/كَافِرَيْنِ | | حَافِلَاتٌ | |
| جَبَلَانِ /جَبَلَيْنِ | | صَامِتُوْنَ | |
| بَوَّابَانِ/ بَوَّابَيْنِ | | مُدَرِّسُوْنَ | |
| مَدْرَسَتَانِ/مَدْرَسَتَيْنِ | | شَاعِرُوْنَ | |
| خَادِمَانِ/خَادِمَيْنِ | | سَبُّوْرَاتٌ | |
| خَطَّاطَانِ/ خَطَّاطَيْنِ | | لُغَاتٌ | |
| دَقِيْقَتَانِ/دَقِيْقَتَيْنِ | | لَاعِبُوْنَ | |
| فَاضِلَانِ/فَاضِلَيْنِ | | طَاوِلَاتٌ | |
| حَافِظَتَانِ/حَافِظَتَيْنِ | | سَاعَاتٌ | |
| جَزَّارَانِ/ جَزَّارَيْنِ | | حَلَّاقُوْنَ | |
| مُحَاضَرَتَانِ/ مُحَاضَرَتَيْنِ | | ثَلَّاجَاتٌ | |
| بِطَاقَتَانِ/ بِطَاقَتَيْنِ | | عُطْلَاتٌ | |
| مِلَفَّتَانِ/ مِلَفَّتَيْنِ | | غَسَّالُوْنَ | |
| حَدَّادَانِ/ حَدَّادَيْنِ | | شَهَادَاتٌ | |
| اِسْتِمَارَتَانِ/اِسْتِمَارَتَيْنِ | | مُدِيْرُوْنَ | |

سوال نمبر 4: نمونے کے مطابق درج ذیل اسماءِ جمع میں سے جمع مکسر، جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم الگ الگ کریں۔

| جمع اسماء | جمع مکسر | جمع مذکر سالم | جمع مؤنث سالم |
|---|---|---|---|
| ظَالِمُوْنَ (ظلم کرنے والے) | | ظَالِمُوْنَ | |
| کَاتِبَاتٌ (لکھنے والیاں) | | | کَاتِبَاتٌ |
| اَصْدِقَاءُ (سچے لوگ) | اَصْدِقَاءُ | | |
| ذَاهِبَاتٌ (جانے والیاں) | | | |
| خَارِجُوْنَ (نکلنے والے) | | | |
| مَقَاصِدُ (مقاصد) | | | |
| کَاذِبَاتٌ (جھوٹ بولنے والی عورتیں) | | | |
| اَوْلَادٌ (اولاد) | | | |
| اٰيَاتٌ (نشانیاں) | | | |
| قَوَاعِدُ (قواعد) | | | |
| سَاجِدُوْنَ (سجدہ کرنے والے) | | | |
| صَائِمَاتٌ (روزہ رکھنے والیاں) | | | |
| قِصَصٌ (کہانیاں) | | | |
| اَثْوَابٌ (کپڑے) | | | |
| دَلَائِلُ (دلیلیں) | | | |

## آٹھواں سبق:

### مرکب کی اقسام:

1۔ مرکبِ غیر مفید  2۔ مرکبِ مفید

### مرکبِ غیر مفید:

وہ مرکب ہے جس میں بات پوری نہ ہو۔ جیسے: بَیْتُ اللّٰہِ (اللّٰہ کا گھر)

### مرکبِ غیر مفید کی اقسام:

1۔ مرکبِ توصیفی 2۔ مرکبِ اضافی 3۔ مرکبِ عددی 4۔ مرکبِ مزجی 5۔ مرکبِ صوتی

### مرکبِ مفید:

وہ مرکب جس میں بات پوری ہو، اسے جملہ بھی کہتے ہیں۔ جیسے: اَلصَّوْمُ فَرْضٌ (روزہ فرض ہے۔) جَاءَ عَلِیٌّ (علی آیا)

### مرکبِ مفید کی اقسام:

1۔ جملہ فعلیہ  2۔ جملہ اِسمیہ

## تمرین

سوال نمبر 1: نمونے کے مطابق مرکب کی قسم کی پہچان کریں۔

| مرکبات | مرکب غیر مفید | مرکب مفید |
|---|---|---|
| سَیِّدُ الْقَوْمِ (قوم کا سردار) | مرکب غیر مفید | |
| اَلْعِلْمُ نُوْرٌ (علم نور ہے) | | مرکب مفید |
| رَجَعَ زَیْدٌ مِنَ السُّوْقِ (زید بازار سے لوٹا) | | |
| عَلِیٌّ مُھَذَّبٌ (علی تہذیب یافتہ ہے) | | |
| اَلْعِلْمُ النَّافِعُ (نفع مند علم) | | |
| صَعِدَ زَیْدٌ عَلَی السَّقْفِ (زید چھت پر چڑھا) | | |
| تِلْمِیْذَانِ مُجْتَھِدَانِ (دو محنتی طالب علم) | | |
| اَلْمَسْجِدُ الحَرَامُ (مسجد حرام) | | |
| صَلَاۃُ الْفَجْرِ (فجر کی نماز) | | |
| اَلْمُسْلِمُ اَخُوالْمُسْلِمِ (مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے) | | |
| اَوْلَادٌ صِغَارٌ (چھوٹی اولاد) | | |
| اَنَا مِنْ بَاکِسْتَانَ (میں پاکستان سے ہوں) | | |
| یَوْمُ الْعَمَلِ (کام کا دن) | | |
| اَلثَّمَرُ غِذَاءٌ مُفِیْدٌ (پھل مفید غذا ہے) | | |

## نواں سبق:

### مرکبِ توصیفی:

وہ مرکبِ ناقص ہے جس میں دوسرا جزء پہلے جزء کی صفت بیان کرے۔ جیسے: رَجُلٌ عَالِمٌ (عالم مرد)

### قواعد و فوائد:

1. مرکبِ توصیفی کے پہلے جزء کو موصوف اور دوسرے کو صِفَت کہتے ہیں۔
2. مرکبِ توصیفی جملہ نہیں بلکہ جملے کا جزبنتا ہے۔ جیسے: ذَهَبَ رَجُلٌ جَمِيْلٌ (خوبصورت مرد گیا)
3. مرکبِ توصیفی میں پہلا جزء اسمِ ذات[1] اور دوسرا جزء اسمِ صفت ہوتا ہے۔
4. صفت دس چیزوں میں موصوف کے مطابق ہوتی ہے:

❖ واحد، تثنیہ اور جمع میں: رَجُلٌ صَالِحٌ (نیک مرد) رَجُلَانِ صَالِحَانِ (دو نیک مرد) رِجَالٌ صَالِحُوْنَ (بہت سے نیک مرد)

❖ رفع، نصب اور جر میں: رَجُلٌ صَالِحٌ، رَجُلًا صَالِحًا، رَجُلٍ صَالِحٍ

❖ مذکر اور مؤنث میں: رَجُلٌ صَالِحٌ، اِمْرَأَةٌ صَالِحَةٌ (نیک عورت)

❖ معرفہ اور نکرہ میں: اَلرَّجُلُ الصَّالِحُ، رَجُلٌ صَالِحٌ

خلاصہ یہ کہ موصوف صفت بیک وقت چار چیزوں میں برابر ہوتے ہیں: (1) تعداد (2) اعراب (3) جنس (4) تعریف و تنکیر

---

(1)...... اسمِ ذات سے مراد وہ اسم ہے جو کسی جاندار یا بے جان چیز کا اپنا نام ہو۔

## تمرین

سوال نمبر 1: ترجمہ کریں۔

| مرکب توصیفی | ترجمہ | مرکب توصیفی | ترجمہ |
|---|---|---|---|
| اَلْبُسْتَانُ الْجَمِيْلُ | | اَلْمُعَلِّمَةُ الشَّفِيْقَةُ | |
| اَلْمُؤْمِنُوْنَ الْكَامِلُوْنَ | | اِمْرَأَتَانِ صَابِرَتَانِ | |
| قَوْلَانِ مَعْرُوْفَانِ | | طِفْلٌ جَمِيْلٌ | |
| حَدِيْقَةٌ فَسِيْحَةٌ | | حُجْرَتَانِ نَظِيْفَتَانِ | |
| سَيَّارَاتٌ سَرِيْعَاتٌ | | ثَوْبٌ قَصِيْرٌ | |
| اِزْدِحَامٌ شَدِيْدٌ | | اَلتِّلْمِيْذُ النَّشِيْطُ | |
| كِتَابَانِ رَخِيْصَانِ | | طَعَامٌ لَذِيْذٌ | |

سوال نمبر 2: قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق مرکب توصیفی میں پائی جانے والی غلطی کی نشاندہی کریں اور درست مرکب توصیفی بیان کریں۔

| غلط مرکب توصیفی | غلطی کی نشاندہی | درست مرکب توصیفی |
|---|---|---|
| ظُلْمٌ عَظِيْمَةٌ | مذکر و مؤنث میں برابر نہیں | ظُلْمٌ عَظِيْمٌ |
| لِحْيَةٌ اَلْجَمِيْلَةَ | | |
| اَلْمُؤْمِنُوْنَ الْمُفْلِحُ | | |
| اَلْغُرْفَتَانِ وَاسِعَتَانِ | | |
| اَلرِّجَالُ طَيِّبُوْنَ | | |

| | | |
|---|---|---|
| مَسْجِدُ اَلنَّبْوِیُّ | | |
| بَابَانِ مَفْتُوْحَتَانِ | | |
| فَرَسَانِ جَمِیْلٌ | | |

سوال نمبر 3: قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق مرکب توصیفی بنائیں۔

| موصوف | صفت | مرکب توصیفی |
|---|---|---|
| اَلصِّرَاطُ | اَلْمُسْتَقِیْمُوْنَ | اَلصِّرَاطُ الْمُسْتَقِیْمُ |
| اَلطَّالِبَاتُ | مُجْتَهِدَةٌ | |
| اَلْبِنْتَانِ | اَلصَّالِحَاتُ | |
| اَلْمُسْلِمُوْنَ | صَادِقِیْنَ | |
| حَدِیْقَةٌ | مُثْمِرَاتٌ | |
| ذَنْبٌ | اَلْكَبِیْرُ | |

سوال نمبر 4: قواعد کا خیال رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق موصوف کی صفت اور صفت کا موصوف لگا کر مرکبِ توصیفی مکمل کریں۔

| موصوف | صفت | مرکب توصیفی |
|---|---|---|
| اَلْقُرْآنُ | | اَلْقُرْآنُ الْكَرِیْمُ |
| | عَذْبٌ | مَاءٌ عَذْبٌ |
| اَلشَّاعِرُوْنَ | | |
| رِزْقٌ | | |

| اَلْوَلَدُ | | |
|---|---|---|
| عِلْمٌ | | |
| | حَسَنَةٌ | |
| | جَمِيْلَتَانِ | |
| | صَادِقَانِ | |
| | لَذِيْذٌ | |
| | جَدِيْدٌ | |

سوال نمبر 5: اُردو سے عربی بنائیں۔

| اُردو | عربی |
|---|---|
| دوستے قلم | |
| ذہین بچی | |
| طویل سفر | |
| لمبا لڑکا | |
| بہادر آدمی | |
| سُست طالبِ علم | |
| کشادہ سڑک | |
| آسان سبق | |

سرگرمی: اساتذہ کلاس میں طلبہ سے مرکبِ توصیفی کے عربی میں کم از کم بیس مرکبات بنوائیں۔

## دسواں سبق:

# مرکبِ اضافی کا بیان

### مرکبِ اِضافی:

وہ مرکبِ ناقص جس میں ایک اسم کی نسبت دوسرے اسم کی طرف کی گئی ہو۔

جیسے: قَلَمُ حَامِدٍ (حامد کا قلم)

### قواعد و فوائد:

1. جس اسم کی طرف نسبت کی گئی ہو اسے مضاف الیہ اور جس کی نسبت کی گئی ہو اسے مضاف کہتے ہیں۔ جیسے: غُلَامُ زَيْدٍ (زید کا غلام) اس میں غُلَامُ مضاف اور زَيْدٍ مضاف الیہ ہے۔
2. مرکب اضافی پورا جملہ نہیں بلکہ جملے کا جز بنتا ہے۔ جیسے: جَاءَ اِبْنُ زَيْدٍ (زید کا بیٹا آیا)
3. پہلے مضاف پھر مضاف الیہ آتا ہے۔ جیسے: كِتَابُ خَالِدٍ (خالد کی کتاب)
4. مضاف پر الف لام اور تنوین نہیں آتے۔
5. مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے۔
6. مضاف اگر تثنیہ یا جمع مذکر سالم کا صیغہ ہو تو اس کے آخر سے نونِ تثنیہ اور نونِ جمع گر جاتا ہے۔ جیسے: بَابَا مَسْجِدٍ (مسجد کے دو دروازے)، عَالِمُوْ الْمَدِيْنَةِ (مدینے کے علماء)
7. مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان اردو ترجمہ کرتے وقت عموماً لفظ کا، کی، کے، یا را، ری، رے وغیرہ آتے ہیں۔
8. ایک ترکیب میں ایک سے زائد بھی مضاف اور مضاف الیہ آسکتے ہیں۔ جیسے: بَابُ بَيْتِ الْأَمِيْرِ (امیر کے گھر کا دروازہ)

## بقیہ مرکباتِ ناقصہ

**مرکبِ عددی:**

وہ مرکبِ ناقص جس میں تعداد بیان ہو۔ جیسے: اَحَدَ عَشَرَ (گیارہ)

**مرکبِ مزجی:**

وہ مرکبِ ناقص جو اضافت اور اِسناد کے بغیر مل کر ایک کلمہ بن گیا ہو۔ جیسے: مَعْدِیْکَرَبْ (ایک شخص کا نام)

**مرکبِ صوتی:**

وہ مرکبِ ناقص جس کے ذریعے کسی آواز کی نقل اُتاری جائے جیسے: غَاقِ غَاقِ (کوے کی آواز) یا کسی جاندار کو آواز دی جائے۔ جیسے: نِخْ نِخْ (اونٹ کو بٹھانے کے لئے)

## تمرین

**سوال نمبر 1:** ترجمہ کریں۔

| ترجمہ | مرکب اضافی | ترجمہ | مرکب اضافی |
|---|---|---|---|
| | غُلَامَا رَجُلٍ | | وَلِیُّ اللّٰہِ |
| | مُسْلِمُوْ الْمَدِیْنَةِ | | اٰیَةُ الْاِیْمَانِ |
| | أَمْرُ اللّٰہِ | | بَابُ بَیْتِ ابْنِ الْوَزِیْرِ |
| | مَکَاتِبُ الْمُدِیْرِیْنَ | | یَوْمُ الْعِیْدِ |
| | لَحْمُ الدَّجَاجَةِ | | جِدَارَا الْمَدْرَسَتَانِ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| عَصِيْرُ الْمَوْزِ | | قَلَمُ وَلَدِ زَيْدٍ | |
| وَقْتُ الْعُطْلَةِ | | اَعْضَاءُ الْاِنْسَانِ | |
| فَرَسُ وَلَدِ وَزِيْرِ الْمَلِكِ | | اِسْمُ الْوَلَدِ | |
| اُذُنُ الْفَرَسِ | | عَلَامَةُ فَضْلِ اللّٰهِ | |

سوال نمبر2: قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق مرکبِ اضافی میں پائی جانے والی غلطی کی نشاندہی کریں اور درست مرکبِ اضافی بیان کریں۔

| غلط مرکب اضافی | غلطی کی نشاندہی | درست مرکب اضافی |
|---|---|---|
| اَللَّبَنُ بَقَرَةٍ | مضاف پر الف لام نہیں آتا | لَبَنُ بَقَرَةٍ |
| مَاءُ الْبَحْرُ | | |
| طِفْلَانِ زَيْدٍ | | |
| اَلْاِبْنُ حَامِدٍ | | |
| خَادِمُوْنَ بَكْرٍ | | |
| اَلْبَابُ الْمَسْجِدِ | | |
| اِبْنُ الصَّالِحُ | | |
| وَعْدٌ اللّٰهِ | | |
| مِنْشَفَةُ الرَّجُلُ | | |

سوال نمبر3: قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق مرکبِ اِضافی بنائیں۔

| مضاف | مضاف الیہ | مرکبِ اضافی |
|---|---|---|
| رَسُوْلَانِ | اَللّٰهُ | رَسُوْلَا اللّٰهِ |
| نُوْرٌ | اَلسَّمٰوٰتُ | |
| صَلَاتَانِ | اَللَّيْلُ | |
| شَهْرَانِ | اَلصَّوْمُ | |
| اَلْاَيَّامُ | اَلْعُطْلَةُ | |
| اَلْفِتْنَةُ | اَلنَّاسُ | |
| اَلْمِعْرَاجُ | اَلْمُؤْمِنُ | |

سوال نمبر4: قواعد کا خیال رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق مضاف کا مضاف الیہ اور مضاف الیہ کا مضاف لگا کر مرکبِ اضافی مکمل کریں۔

| مضاف | مضاف الیہ | مرکبِ اضافی |
|---|---|---|
| عَبْدٌ | | عَبْدُ اللّٰهِ |
| | زَيْدٌ | كِتَابُ زَيْدٍ |
| نُوْرٌ | | |
| اٰيَاتٌ | | |
| اِبْنٌ | | |

| | | |
|---|---|---|
| رَأْسٌ | | |
| عَصِيْرٌ | | |
| اِبْنٌ | | |
| | اَلْمَدِيْنَةُ | |
| | اَللّٰهُ | |
| | رَجُلٌ | |
| | بَيْتٌ | |

سوال نمبر 5: اُردو سے عربی بنائیں۔

| اُردو | عربی |
|---|---|
| زید کے دو بیٹے | |
| مومن کی معراج | |
| اللہ کے رسول کی بیٹی | |
| مدینے کا باغ | |
| مسجد کے دروازے | |
| جمعہ کا دن | |
| زید کی گائے کا گوشت | |
| کھانے کا وقت | |

سرگرمی: اساتذہ کلاس میں طلبہ سے مرکبِ اضافی کے عربی میں کم از کم بیس مرکبات بنوائیں۔

## گیارہواں سبق:

### جملہ فعلیہ کی تعریف:

جس جملے کا پہلا جز فعل ہو اسے جملہ فعلیہ کہتے ہیں۔ جیسے: جَاءَ الْمُسْلِمُوْنَ (مسلمان آئے)

### فائدہ:

1۔ ہر فعلِ معروف (لازم ہو یا متعدی[1]) اپنے فاعل کو رفع دیتا ہے اور اگر فعلِ متعدی ہو تو فاعل کو رفع دینے کے ساتھ ساتھ مفعولِ بہ کو نصب بھی دیتا ہے۔

2۔ فعلِ مجہول اپنے نائبُ الفاعل کو رفع دیتا ہے۔

### فاعل و نائب الفاعل کی تعریف:

جس اسم کی طرف فعلِ معروف کی اِسناد (نسبت) کی گئی ہو، اسے فاعل اور جس اسم کی طرف فعلِ مجہول کی اِسناد (نسبت) کی گئی ہو اسے نائبُ الفاعل کہتے ہیں۔ جیسے: ضَرَبَ زَيْدٌ (زید نے مارا)، سُمِعَ الصَّوْتُ (آواز سنی گئی) پہلی مثال میں زَيْدٌ فاعل اور دوسری مثال میں الصَّوْتُ نائبُ الفاعل ہے۔

### مفعول بہ کی تعریف:

جس اسم پر فعل واقع ہو اور فعلِ متعدی اس کو نصب دے۔ جیسے: ضَرَبَ زَيْدٌ بَكْرًا (زید نے بکر کو مارا)

---

(1)...... فعلِ لازم اور متعدی: فعلِ متعدی وہ فعل ہے جو فاعل کے ساتھ ساتھ مفعولِ بہ کو بھی چاہتا ہو جیسے: نَصَرَ زَيْدٌ بَكْرًا (زید نے بکر کی مدد کی) فعلِ لازم وہ فعل ہے جو صرف فاعل کے ساتھ مل کر پوری بات ظاہر کرتا ہے اس کو مفعولِ بہ کی ضرورت نہیں ہوتی۔ جیسے: جَلَسَ زَيْدٌ (زید بیٹھا)

**قواعد و فوائد:**

❖ فاعل یا نائبُ الفاعل اسمِ ظاہر ہو تو فعل ہمیشہ واحد آئے گا، خواہ فاعل یا نائبُ الفاعل واحد ہو، تثنیہ ہو یا جمع ہو لیکن تذکیر و تانیث میں فعل، فاعل یا نائبُ الفاعل کے مطابق آئے گا۔ جیسے: ذَهَبَ زَيْدٌ، ذَهَبَ زَيْدَانِ، ذَهَبَ زَيْدُوْنَ

❖ فاعل یا نائبُ الفاعل اسمِ ضمیر ہو تو فعل واحد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں ضمیر کے مرجع[1] کے مطابق آئے گا۔ جیسے: زَيْدٌ ذَهَبَ، زَيْدَانِ ذَهَبَا، زَيْدُوْنَ ذَهَبُوْا

❖ جملہ فعلیہ میں عام ترتیب تو یہ ہے کہ پہلے فعل، پھر فاعل پھر مفعولِ بہ آتا ہے لیکن بعض اوقات مفعولِ بہ کو فاعل سے پہلے لایا جاتا ہے اور کبھی کبھی مفعولِ بہ فعل سے پہلے بھی آجاتا ہے لیکن فاعل کبھی فعل سے پہلے نہیں آسکتا۔ جیسے: اَكَلَ خُبْزًا زَيْدٌ، خُبْزًا اَكَلَ زَيْدٌ

(1)......غائب کی ضمیر اپنے ماقبل مذکور کسی نہ کسی شے کی طرف دلالت کرتی ہے یعنی لوٹتی ہے۔ ضمیر کو راجع (یعنی لوٹنے والی) اور اس شے کو جس کی طرف ضمیر لوٹ رہی ہے ضمیر کا مرجع (یعنی لوٹنے کی جگہ) کہا جاتا ہے۔

## تمرین

**سوال نمبر 1:** نمونے کے مطابق درج ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کریں نیز ان جملوں میں فعلِ معروف، فعلِ مجہول، فاعل، نائبُ الفاعل اور مفعولِ بہ کی پہچان کریں۔

| جملے | اُردو | فعلِ معروف | فاعل | مفعولِ بہ | فعلِ مجہول | نائبُ الفاعل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَدْفَعُ الصَّدَقَةُ الْبَلَاءَ | صدقہ بلاؤں کو دور کرتا ہے | تَدْفَعُ | اَلصَّدَقَةُ | اَلْبَلَاءَ | | |
| قُرِءَ الْقُرْآنُ | قرآن پڑھا گیا | | | | قُرِءَ | اَلْقُرْآنُ |
| جَلَسَ زَيْدٌ | | | | | | |
| يَزْرَعُ الْفَلَّاحُ الْحَقْلَ | | | | | | |
| يَكْتُبُ الرَّجُلُ رِسَالَتَهُ | | | | | | |
| أُكِلَ خُبْزٌ | | | | | | |
| يَلْعَبُ الْوَلَدُ بِالْكُرَّةِ | | | | | | |
| وَقَفَ الْقِطَارُ | | | | | | |
| شَرِبَ الطِّفْلُ الْعَصِيْرَ | | | | | | |
| وَضَعْتُ الْكُرَّاسَةَ | | | | | | |
| ضَحِكَ الطِّفْلُ | | | | | | |
| بَلَعَ ذِئْبٌ عَظْمًا | | | | | | |
| فَتَحَتِ الْبِنْتُ الْحَقِيْبَةَ | | | | | | |
| ظَهَرَ الْحَقُّ | | | | | | |
| اَكَلْتُ السَّمَكَ | | | | | | |

سوال نمبر2: قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق جملہ فعلیہ میں پائی جانے والی غلطی کی نشاندہی کریں اور درست جملہ فعلیہ بیان کریں۔

| غلط جملے | غلطی کی نشاندہی | درست جملے |
|---|---|---|
| نَصَرَا رَجُلَانِ | فعل واحد نہیں، حالانکہ فاعل اسم ظاہر ہے | نَصَرَ رَجُلَانِ |
| اَلْمُسْلِمُوْنَ جَاءَ | | |
| كُتِبَتِ الصِّيَامِ | | |
| يُلْبَسُوْنَ الثَّوْبُ | | |
| فَازُوْا الطُّلَّابُ | | |
| سَمِعَتْ زَيْدٌ | | |
| نَامَا خَالِدَانِ | | |
| فَرِحَتُ وَلَدٌ | | |
| صَامَا وَلَدٌ صَالِحٌ | | |
| نَحْضُرُ وَلَدَانِ | | |
| اَلرَّجُلُ جَاءَتْ | | |
| نَزَلَتِ الْمَطَرُ | | |
| زُرْتُ عَالِمٌ | | |
| تَذْهَبَانِ اِمْرَأَتَانِ | | |
| كُسِرَتِ الزُّجَاجُ | | |
| يَسْقُطَانِ الثَّلْجُ | | |

سوال نمبر 3: قواعد کا خیال رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق جملہ فعلیہ مکمل کریں۔

| فعل | فاعل (اسم ظاہر) | جملہ فعلیہ |
|---|---|---|
| اُكِلَ | | اُكِلَ الطَّعَامُ |
| | اَلْمُسْلِمَاتُ | جَاءَتِ الْمُسْلِمَاتُ |
| سُلِبَتْ | | |
| نَصَرَ | | |
| صَعِدَ | | |
| سَكَتَ | | |
| | مَاءٌ | |
| | خُبْزَانِ | |
| | كُتُبٌ | |
| | اَلطَّعَامُ | |

سوال نمبر 4: اُردو سے عربی بنائیں۔

| اُردو | عربی |
|---|---|
| زید گیا | |
| ہم نے شکر کیا | |
| حامد آیا | |
| مسلمانوں نے سجدہ کیا | |
| علی نے مدد کی | |

سرگرمی: اساتذہ طلبہ سے جملہ فعلیہ کے عربی میں کم از کم بیس آسان فِقرات بنوائیں۔

بارہواں سبق:

## جملہ اسمیہ کا بیان

### جملہ اسمیہ کی تعریف:

جس جملے کا پہلا جزء اسم ہو اسے جملہ اسمیہ کہتے ہیں۔ جیسے: زَيْدٌ صَالِحٌ(زید نیک ہے)

### قواعد و فوائد:

1. جملہ اسمیہ کے پہلے جزء کو مبتدا یا مسند الیہ کہتے ہیں اور دوسرے جزء کو مبتدا کی خبر یا مسند کہتے ہیں۔
2. مبتدا اور خبر دونوں ہمیشہ مرفوع ہوتے ہیں۔
3. مبتدا عموماً معرفہ ہوتا ہے اور خبر عموماً نکرہ ہوتی ہے۔
4. عموماً پہلے مبتدا پھر خبر آتی ہے۔

### خبر کی صورتیں:

❖ خبر کبھی مفرد ہوتی ہے۔ خبر اگر مفرد ہو تو تعداد (واحد، تثنیہ، جمع) اور جنس (مذکر ومؤنث) میں خبر کا مبتدا کے مطابق ہونا ضروری ہے۔ جیسے: زَيْدٌ عَالِمٌ، زَيْدَانِ عَالِمَانِ، زَيْدُوْنَ عَالِمُوْنَ، هِنْدَةٌ عَالِمَةٌ، هِنْدَتَانِ عَالِمَتَانِ، هِنْدَاتٌ عَالِمَاتٌ

❖ خبر کبھی جملہ اسمیہ ہوتی ہے۔ جیسے: زَيْدٌ اَبُوْهُ قَائِمٌ (زَيْدٌ مبتدا اور اَبُوْهُ قَائِمٌ خبر جملہ اسمیہ ہے)

❖ خبر کبھی جملہ فعلیہ ہوتی ہے۔ جیسے: زَيْدٌ يَكْتُبُ (زَيْدٌ مبتدا اور يَكْتُبُ خبر جملہ فعلیہ ہے)

❖ خبر کبھی ظرف ہوتی ہے۔ جیسے: اَلْهِرَّةُ فَوْقَ السَّقْفِ (اَلْهِرَّةُ مبتدا اور فَوْقَ السَّقْفِ خبر ظرف ہے)

❖ خبر کبھی جار مجرور ہوتی ہے۔ جیسے: زَيْدٌ فِيْ الدَّارِ (زَيْدٌ مبتدا اور فِيْ الدَّارِ خبر جار مجرور ہے)

**نوٹ:** خبر اگر جملہ ہو تو عموماً اس میں مبتدا کے مطابق ایک ضمیر ہوتی ہے۔ جیسے: زَيْدٌ جَاءَ، زَيْدٌ هُوَ ذَكِيٌّ

**سوال نمبر 1:** نمونے کے مطابق درج ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کرکے، مبتدا اور خبر کو الگ الگ کریں، نیز یہ بھی بتائیں کہ خبر کا کونسی صورت سے تعلق ہے۔

| جملے | ترجمہ | مبتدا | خبر | خبر کی صورت |
|---|---|---|---|---|
| اَلْمُنَافِقُوْنَ كَاذِبُوْنَ | منافقین جھوٹے ہیں | اَلْمُنَافِقُوْنَ | كَاذِبُوْنَ | مفرد |
| اَلْمُسْلِمُ يَعْبُدُاللهَ | | | | |
| زَيْدٌ اَمَامَ الْاَمِيْرِ | | | | |
| اَلْفَرَاشَةُ جَمِيْلَةٌ | | | | |
| بَكْرٌ فِي الْمَسْجِدِ | | | | |
| بَكْرٌ يَاكُلُ الطَّعَامَ | | | | |
| مَاءُ الْبَحْرِ مِلْحٌ | | | | |
| زَيْدٌ اِبْنُهُ جَالِسٌ | | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| غُلَامَا بَكْرٍ مَرِيْضَانِ | | | | |
| اَلْمُسْلِمُ يُحَافِظُ عَلَى الصَّلَاةِ | | | | |
| حَدِيْقَةُ الْبَيْتِ وَاسِعَةٌ | | | | |
| هٰذَا مَكْتَبُ الْمُدِيْرِ | | | | |
| اَلْبِنْتُ تَحْفَظُ الدَّرْسَ | | | | |
| اَلْقِطَّةُ لَوْنُهَا جَمِيْلٌ | | | | |

سوال نمبر2: نمونے کے مطابق جملہ اسمیہ میں پائی جانے والی غلطی کی نشاندہی کر کے درست جملہ لکھیں۔

| غلط جملے | غلطی کی نشاندہی | درست جملے |
|---|---|---|
| اَلرَّجُلُ جَرِيْحٍ | خبر مرفوع نہیں حالانکہ خبر ہمیشہ مرفوع ہوتی ہے | اَلرَّجُلُ جَرِيْحٌ |
| فَاطِمَتَانِ طَالِبَانِ | | |
| اَلزَّوْجَاتُ صَالِحُوْنَ | | |
| اَلتُّفَّاحَةُ حُلْوَةً | | |
| اَلْكِتَابَانِ جَدِيْدَةٌ | | |
| اَلْبَابُ مَفْتُوْحَتَانِ | | |
| اَلْأَوْلَادُ حَاضِرٌ | | |
| اَلطَّالِبَاتُ جَالِسٌ | | |
| اَلْمَرْءَةُ ضَاحِكَةً | | |
| اَلْكُرْسِيُّ مَكْسُوْرَانِ | | |

| | | |
|---|---|---|
| اَلْغُرْفَةِ نَظِيْفَةٌ | | |
| اَلسَّاعَتَانِ كَبِيْرَةٌ | | |
| اَلْحِصَانُ سَرِيْعَةٌ | | |
| اَلْبِنْتُ بَاكِيَتَانِ | | |
| اَلدِّيْنُ خَالِصَةٌ | | |
| اَلْقُرْآنُ نُوْرٍ | | |
| اَلْمَاءَ طُهُوْرٌ | | |

سوال نمبر 3: جملہ اسمیہ کے قواعد کو مد نظر رکھتے ہوئے نمونے کے مطابق چارٹ کو مکمل کریں۔

| واحد | تثنیہ | جمع |
|---|---|---|
| زَيْدٌ عَالِمٌ | زَيْدَانِ عَالِمَانِ | زَيْدُوْنَ عَالِمُوْنَ |
| هِنْدَةٌ مُسْلِمَةٌ | هِنْدَتَانِ مُسْلِمَتَانِ | هِنْدَاتٌ مُسْلِمَاتٌ |
| زَيْدٌ عَاقِلٌ | | |
| اَلسَّيَّارَةُ جَمِيْلَةٌ | | |
| اَلطَّبِيْبُ مَاهِرٌ | | |
| اَلطَّالِبَةُ قَائِمَةٌ | | |
| اَلْمُنَافِقُ خَائِفٌ | | |
| اَلْمُؤْمِنَةُ صَائِمَةٌ | | |
| | اَلطِّفْلَانِ جَمِيْلَانِ | |

| | | |
|---|---|---|
| | اَلنَّافِذَتَانِ مَفْتُوْحَانِ | |
| | اَلْمُجَاهِدَانِ صَابِرَانِ | |
| | اَلْوَلَدَتَانِ نَائِمَتَانِ | |
| | اَلطِّفْلَانِ ذَكِيَّانِ | |
| | | اَلْمُدِيْرُوْنَ مَوْجُوْدُوْنَ |
| | | زَيْدُوْنَ مُسْلِمُوْنَ |
| | | اَلْبَنَاتُ صَالِحَاتٌ |
| | | اَلرِّجَالُ نَائِمُوْنَ |
| | | اَلْمُشْرِكَاتُ ظَالِمَاتٌ |

سوال نمبر 4: نمونے کے مطابق درج ذیل جملوں میں سے غلط اور دُرست جملے الگ الگ کریں۔

| جملے | درست جملے | غلط جملے |
|---|---|---|
| زَيْنَبُ بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ | زَيْنَبُ بِنْتٌ جَمِيْلَةٌ | |
| اَلْعَامِلُوْنَ نَشِيْطَانِ | | اَلْعَامِلُوْنَ نَشِيْطَانِ |
| اَلصَّبْرُ جَمِيْلٌ | | |
| يُوْسُفُ أَبُوْهَا طَبِيْبٌ | | |
| اَلْحِذَاءُ جَدِيْدٌ | | |
| اَلطِّفْلُ لَعِبَ | | |

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمُعَلِّمَاتُ الْمُخْلِصَاتُ مَحْبُوْبَتَانِ | | |
| اَلْبِنْتُ شَعْرُهَا طَوِيْلٌ | | |
| اَلْمَدْرَسَةُ نَظِيْفَتَانِ | | |
| اَلْمُعَلِّمُ يَخْلُصُ فِيْ عَمَلِهٖ | | |
| اَلْمَرِيْضَاتُ نَائِمَةٌ | | |
| اَلطَّالِبُ كِتَابُهٗ جَدِيْدٌ | | |
| اَلْخَطِيْبُ يَخْطُبُ الْجُمُعَةَ | | |
| اَلْمِصْبَاحُ ضَوْءُهَا شَدِيْدٌ | | |
| مُعَلِّمُوْ الْمَدْرَسَةِ رَائِعٌ | | |
| اَلْمَسْجِدُ الْكَبِيْرُ مُرِيْحٌ | | |

**سوال نمبر 5:** قواعد کا خیال رکھتے ہوئے، نمونے کے مطابق مبتدا کے لئے خبر اور خبر کے لئے مبتدا لگا کر جملہ اسمیہ مکمل کریں۔

| مبتدا | خبر | جملہ اسمیہ |
|---|---|---|
| زَيْدٌ | | زَيْدٌ قَائِمٌ |
| | طَبِيْبَةٌ | فَاطِمَةُ طَبِيْبَةٌ |
| اَلْجَوُّ | | |
| اَلثَّوْبَانِ | | |

| | | |
|---|---|---|
| | | اَللّٰهُ |
| | عَظِيْمَةٌ | |
| | طَوِيْلَتَانِ | |
| | قَوِيٌّ | |

سوال نمبر6: اُردو سے عربی بنائیں۔

| اُردو | عربی |
|---|---|
| عمران مسجد میں ہے | |
| عابد حافظ ہے | |
| سیب میٹھا ہے | |
| مرد چھت پر ہے | |
| مسجد خوبصورت ہے | |

سرگرمی: اساتذہ طلبہ سے جملہ اسمیہ کے عربی میں کم ازکم بیس آسان جملے بنوائیں۔

## تیرہواں سبق:

# معرب ومبنی کا بیان

**اسم کی اقسام:** (عامل کے بدلنے سے کلمات کے آخر میں تبدیلی واقع ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے)

1۔ معرب　　2۔ مبنی

### معرب کی تعریف:

معرب وہ اسم ہے جس کا آخر، عامل کے بدلنے سے بدل جائے۔ اسے "اسمِ متمکن" بھی کہتے ہیں۔ جیسے: درج ذیل مثالوں میں زَیْد، جَاءَزَیْدٌ (زید آیا)، رَأَیْتُ زَیْدًا (میں نے زید کو دیکھا)، مَرَرْتُ بِزَیْدٍ (میں زید کے پاس سے گزرا)

### فائدہ:

عامل وہ ہے جس کی وجہ سے معرب کا آخر بدل جائے۔ جیسے مذکورہ مثالوں میں جَاءَ، رَأَیْتُ اور "بِ" عامل ہیں اور زَیْدٌ اسم معرب معمول ہے جس کا آخر عامل کے بدلنے سے تبدیل ہورہا ہے۔

### مبنی کی تعریف:

مبنی وہ اسم ہے جس کا آخر، عامل کے بدلنے سے نہ بدلے۔ اسے "اسمِ غیر متمکن" بھی کہتے ہیں۔ جیسے: درج ذیل مثالوں میں ھٰذَا، جَاءَ ھٰذَا (یہ آیا)، رَأَیْتُ ھٰذَا (میں نے اس کو دیکھا)، مَرَرْتُ بِھٰذَا (میں اس کے پاس سے گزرا)

**نوٹ:** اسماء کی طرح افعال بھی معرب و مبنی ہوتے ہیں، البتہ حروف صرف مبنی ہوتے ہیں۔

## معرب و مبنی کلمات کی اقسام

### صرف دو قسم کے کلمات معرب ہوتے ہیں:

1. اسمِ متمکن: زَیْدٌ، رَجُلٌ

2. وہ فعلِ مضارع جو نونِ ضمیر اور نونِ تاکید سے خالی ہو: یَنْصُرُ، تَنْصُرِیْنَ

### کل چھ قسم کے کلمات مبنی ہوتے ہیں:

1. فعلِ ماضی۔ جیسے: نَجَحَ (وہ کامیاب ہوا) 2. امر حاضر معروف۔ جیسے: اِجْلِسْ (تُو بیٹھ)

3. تمام حُروف۔ جیسے: مِنْ، اِنَّ، لَا 4. جملہ۔ جیسے: بَکْرٌ قَائِمٌ (بکر کھڑا ہے)

5. اسمِ غیر متمکن۔ جیسے: ھُوَ (وہ)، ھٰذَا (یہ) 6. وہ فعلِ مضارع جس کے آخر میں نونِ ضمیر یا نونِ تاکید ہو: جیسے یَضْرِبْنَ، لَیَضْرِبَنْ، لَیَضْرِبَنَّ

نوٹ: پہلے تین مبنی کلمات کو "مبنیُ الاَصل" کہتے ہیں اور اِسمِ غیر متمکن کو "مشابہ مبنیُ الاُصل" کہتے ہیں۔

### اسمِ غیر متمکِن کی اَقسام:

اسمِ غیر متمکن (مشابہ مبنیُ الاُصل) کی کئی اَقسام ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں:

| | |
|---|---|
| اسمِ ضمیر۔ جیسے: أَنَا (میں)، أَنْتَ (تو)، هُوَ (وہ) | اسمِ موصول۔ جیسے: اَلَّذِيْ (وہ جو کہ، مذکر) اَلَّتِيْ (وہ جو کہ، مؤنث) |
| اسمِ اشارہ۔ جیسے: هٰذَا (یہ)، ذَالِكَ (وہ) | اسمِ اِستفہام۔ جیسے: مَنْ (کون)، مَا (کیا) |
| اسمِ شرط۔ جیسے: إِذْ، إِذَامَا (جب) | اسمِ کنایہ۔ جیسے: كَمْ (کتنا، بہت سے)، كَذَا (اتنا) |
| اسمِ ظرف۔ جیسے: قَبْلُ (پہلے)، بَعْدُ (بعد) | اسمِ فعل۔ جیسے: هَيْهَاتَ بمعنٰی بَعُدَ (دُور ہوا) |

## تمرین

**سوال:** نمونے کے مطابق معرب اور مبنی الفاظ الگ الگ کریں نیز کونسا مبنی ہے اس کی بھی تعیین کریں۔

| الفاظ | معرب | مبنی | الفاظ | معرب | مبنی |
|---|---|---|---|---|---|
| اُسْكُنْ | | اُسْكُنْ، فعلِ امر معروف | زَيْدٌ | | |
| هٰذَا | | | يَذْهَبُ | | |
| ضَرَبَ | | | فَرَسٌ | | |
| أَنْتَ | | | قَعَدَتْ | | |
| اِفْتَحْ | | | وَلَدٌ | | |
| هُوَ | | | اُطْلُبْ | | |
| شَرِبَ | | | عَلٰى | | |
| هَيْهَاتَ | | | دَرَسُوْا | | |
| يَحْضُرُ | | | مَنْ؟ | | |
| ذَالِكَ | | | فُسِدَ | | |
| تَفْتَحِيْنَ | | | رَفَعْنَا | | |
| اَلَّذِيْ | | | كَمْ | | |
| أَرْنَبٌ | | | ظَفِرْنَ | | |
| تَأْكُلُ | | | تَنْصُرْنَ | | |
| كَذَا | | | فِيْ | | |

## چودھواں سبق:

# اعراب کا بیان

### اعراب کی تعریف:

وہ حروف یا حرکات جن کے ذریعے سے معرب کلمہ کے آخر میں تبدیلی ظاہر ہوتی ہے۔ جیسے: ذَهَبَ خَالِدٌ، رَأَيْتُ خَالِدًا، ذَهَبْتُ اِلٰى خَالِدٍ

### اسم متمکن کے اعراب کی حالتیں:

1۔ حالتِ رفعی　　2۔ حالتِ نصبی　　3۔ جری

**حالت رفعی:** حالتِ رفعی کی تین علامات ہیں۔ ضمّہ[1] (ایک یا دو پیش)، واؤ، الف جیسے: جَاءَ زَيْدٌ، جَاءَ مُسْلِمُوْنَ، جَاءَ رَجُلَانِ

**حالتِ نصبی:** حالتِ نصبی کی چار علامات ہیں۔ فتحہ (ایک یا دو زبر)، کسرہ (ایک یا دو زیر)، الف، یاء جیسے: رَأَيْتُ زَيْدًا، رَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ، رَأَيْتُ اَبَازَيْدٍ، رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ

**حالتِ جری:** حالتِ جری کی تین علامات ہیں۔ کسرہ، فتحہ، یاء جیسے: مَرَرْتُ بِزَيْدٍ، مَرَرْتُ بِاَحْمَدَ، مَرَرْتُ بِمُسْلِمِيْنَ

**فائدہ:** 1۔ جو کلمہ حالتِ رفعی میں ہو، اُسے مرفوع، جو کلمہ حالتِ نصبی میں ہو، اُسے منصوب اور جو کلمہ حالتِ جری میں ہو، اُسے مجرور کہتے ہیں۔

2: جو اعراب ضمہ، فتحہ اور کسرہ کی صورت میں ہو، اُسے ”اِعراب بِالحرکت“ کہتے ہیں۔ جیسے: جَاءَ حَامِدٌ، رَأَيْتُ حَامِدًا، ذَهَبْتُ اِلٰى حَامِدٍ

اور جو اعراب الف، واؤ اور یاء کی صورت میں ہو، اُسے ”اِعراب بِالحرف“ کہتے ہیں۔ جیسے: جَاءَ اَخُوْكَ، رَأَيْتُ اَخَاكَ، مَرَرْتُ بِاَخِيْكَ

---

(1)......جس حرف پر ضمہ ہو اُسے مضموم، جس حرف پر فتحہ ہو اُسے مفتوح اور جس حرف پر کسرہ ہو، اُسے مکسور کہتے ہیں۔

## تمرین

سوال: نمونے کے مطابق درج ذیل جملوں میں سے ہر ہر اسم کے بارے میں بتائیں کہ اس میں اِعراب بِالُحرف ہے یا اِعراب بِالُحرکت۔

| جملے | اِعراب بالحرکت | اِعراب بالحرف |
|---|---|---|
| اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ | اَلْحَيَاءُ، اَلْاِيْمَانِ | |
| اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ | | |
| صَعِدَ الْوَلَدُ عَلَى الشَّجَرَةِ | | |
| رَكِبْتُ عَلَى الدَّرَّاجَةِ | | |
| اَرْسَلَ زَيْدٌ مَكْتُوْبًا اِلٰى خَالِدٍ | | |
| رَأَيْتُ رَجُلَيْنِ عَالِمَيْنِ | | |
| اَلْمُسْلِمَاتُ صَالِحَاتٌ | | |
| رَكِبْتُ عَلَى السَّيَّارَةِ | | |
| عِلْمُ النَّحْوِ سَهْلٌ | | |
| اَرْسَلَ الرِّجَالُ ثِيَابًا اِلَى النِّسَاءِ | | |
| هٰذَا رَجُلٌ شَرِيْفٌ | | |
| اَسْكُنُ اَمَامَ الْمَسْجِدِ | | |
| اَلْمُجْتَهِدُوْنَ نَاجِحُوْنَ | | |
| اَعْمَلُ فِيْ الْمَكْتَبِ | | |
